یہ عبرت کی جا ہے تماشا نہیں

مئولف: حافظ محمد صابر صفدر۔ صفحات: ۱۶۷۔ طباعت مناسب۔ قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا: عمر پبلی کیشنز، یوسف مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ، ۳۸۔ اردو بازار لاہور۔ فون: 042.7356963

حافظ محمد صابر صاحب نے اس کتاب میں مختلف اسلامی، تاریخی، اسلاف واکابر کے قصص وواقعات جمع کیے ہیں۔ آغاز میں حضرت مولانا مفتی طاہر مسعود صاحب مدظلہم کی تقریظ بھی شامل ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ:

''برادرم جناب قاری محمد صابر صفدر صاحب نے ''یہ عبرت کی جا ہے، تماشا نہیں'' کے عنوان سے بڑی محنت وعرق ریزی سے اہم مجموعہ تیار کیا ہے۔ بندہ نے مکمل کتاب کا مطالعہ کیا ہے، جو واقعی عبرت انگیز اور سبق آموز ہے۔ یہ مجموعہ علماء، طلبہ، اور واعظین سمیت عوام الناس کے لیے ان شاء اللہ عبرت ونادر واقعات اور ان سے حاصل شدہ نتائج پر مبنی مفید ثابت ہوگی''۔

سچے سچے موتی

یہ کتاب بھی جناب حافظ محمد صابر صاحب کی تالیف ہے۔ صفحات 240 ہیں۔ یہ کتاب بھی کشکول طرز کی ہے۔ مختلف دل نشین، دل پزیر اور سبق آموز قصص وواقعات جمع کیے گئے ہیں، جن کے پڑھنے سے نہ صرف اسلاف واکابر کی زندگیاں نگاہوں کے سامنے آجاتی ہیں بلکہ عمل کا جذبہ بھی پیدا ہوتا ہے۔ یہ کتاب اہل ذوق کے لیے خاص تحفہ ہے۔ کتاب اوپر دیے گئے پتے سے منگوائی جاسکتی ہے۔

''الاربعین فی تعلیم البنات والبنین یعنی چہل حدیث بسلسلہ تعلیم وتربیت اولاد''

افادات: حضرت مولانا حافظ اختر علی صاحب عزیزی۔ صفحات: 89۔ قیمت لکھی نہیں۔، ملنے کا پتا: دار العلوم فاروقیہ، محلّہ انوار مدینہ میاں خانکا ٹلنگ مردان۔ فون: 0314.9095353

کتاب جیسا کہ نام سے ہی ظاہر ہے تربیت اولاد سے متعلق چہل حدیث پر مشتمل ہے۔ مولانا حافظ اختر علی صاحب نے اس عنوان پر چالیس احادیث جمع کر کے ان کا ترجمہ اور آسان تشریح فرمائی ہے۔ بلاشبہ آج کے دور میں جبکہ ہمارا معاشرہ جدید ابلاغی لہروں میں بری طرح جکڑا گیا ہے، اولاد کی اسلامی خطوط پر تعلیم وتربیت کی اہمیت بہت بڑھ گئی ہے۔ مولانا حافظ اختر علی صاحب زید مجدہم نے اسی تقاضے کو نبھانے کی کوشش کی ہے۔ البتہ ہم اتنی بات ضرور عرض کریں گے کہ کتاب کے نام کو ''نام'' ہونا چاہیے، مغلق وپیچیدہ قسم کی عبارت نہیں ہونی چاہیے، اس طرف خاص دھیان دینے کی ضرورت ہے۔ نام میں ''یعنی'' کا استعمال ایک سوالیہ نشان ہے۔